55778
34

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام درج ذیل مسئلہ میں کہ

حفاظ کرام تراویح میں قرآن کریم کی تکمیل کے موقع پر یہ طریقہ اختیار فرماتے ہیں کہ انیسویں رکعت میں قرآن مکمل کرلیتے ہیں سورۃ ناس تک پھر بیسویں رکعت میں الم سے پڑھتے ہیں پوچھنا یہ تھا فقہاء کرام نے نماز میں قصداً قرآن کریم کی ترتیب کو الٹنے کو مکروہ لکھا ہے کیا تراویح کی یہ صورت بھی اس میں شامل ہے یا مستثنیٰ؟ برائے کرم قدرے تفصیل سے جواب عنایت فرماکر عنداللہ تعالیٰ ماجور ہوں۔

جزاکم اللہ تعالیٰ خیراً

المستفتی: عبدالرب

ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۱۸

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۶۵/۱۳۰۷
مورخہ ______

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

تراویح میں ختم قرآن کے موقع پر انیسویں رکعت میں سورۂ ناس پڑھ کر بیسویں رکعت میں سورۂ بقرہ کی کچھ آیات پڑھنے کو فقہاء کرام نے جائز قرار دیا ہے اور اسے قصداً قرآن کریم کی ترتیب کو الٹنے والی صورت میں شامل نہیں سمجھا اور متعدد فقہاء کرام، محدثین عظام اور ائمہ قراء نے اس طریقہ کو مستحب قرار دیا ہے جن میں امام نووی، علامہ محمد بن محمد الجزری، ابو العباس مهدوی، علامہ زبیدی حنفی، امام سیوطی، ابن علان بکری، علامہ لکھنوی رحمہم اللہ تعالیٰ شامل ہیں جبکہ ابو عبداللہ حلیمی، امام بیہقی اور علامہ زرکشی رحمہم اللہ تعالیٰ نے اسے آداب تلاوت میں شمار کیا ہے نیز فقہاء حنفیہ میں سے علامہ قاضی خان رحمہ اللہ نے اسی طریقہ کو ترجیح دی ہے۔ (ماخذہ التبویب ۱۱/۱۰۳۳)

(جاری ہے...)

فی الاتقان فی علوم القرآن ۲/۳۲۳ النوع ۳۵ :

يسن اذا فرغ من الختمة ان يشرع فی أخری عقب الختم لحديث الترمذی وغيره : أحب الأعمال الی الله الحال المرتحل ، وأخرج الدارمی بسند حسن عن ابن عباس عن أبی بن كعب رضی الله عنهما أن النبی صلی الله عليه وسلم كان اذا قرأ قل اعوذ برب الناس افتتح من الحمد ثم قرأ من البقرة الی اولئك هم المفلحون ثم دعا بدعاء الختمة ثم قام .

وفی الفتاوی الخانية ۱/۱۶۲ :

رجل قرأ فی صلوٰة فی الركعة الأولی المعوذتين ، قال بعضهم يقرأ فی الثانية الفاتحة وشيئا من البقرة يكون حالا مرتحلا ...الخ

دار الافتاء
فتوی نمبر ۶۵/۱۳۰۷
مورخہ ۳/۱۱/۱۴۳۱ھ
۱۲/۱۰/۲۰۱۰
جامعہ دار العلوم کراچی

وكذا فی الفتاوی الولوالجية ۱/۷۵ بيروت :

وكذا فی الدر المختار ۱/۵۴۷ ايچ ايم سعيد :

وكذا فی مراقی الفلاح مع الطحطاوی ص ۳۵۲ قديمی : والله أعلم بالصواب

نبیرہ ارشاد سعید عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۳ ذیقعدہ ۱۴۳۱ھ
۱۲ اکتوبر ۲۰۱۰ء

الجواب صحیح
شاہ محمد تفضل علی عفی عنہ
۳/۱۱/۱۴۳۱ھ
۱۲ اکتوبر ۲۰۱۰ء

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفر اللہ
۳/۱۱/۱۴۳۱

مفتی
جامعہ دار العلوم کراچی

صحیح اصغر علی ۴ ذی القعدہ ۱۴۳۱ھ

Scanned by CamScanner